سوال

(68) مقتدی پر اقتداء لازم ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص امام کے ساتھ جماعت میں شامل ہوا اور اسے دو رکعتیں ملیں مگر بعد میں پتہ چلا کہ امام نے بھول کر پانچ رکعتیں پڑھا دی ہیں تو کیا وہ امام کے ساتھ پڑھی ہوئی اس زائد رکعت کو شمار کر کے بعد میں صرف دو رکعت پوری کرے یا اسے لغو سمجھ کر تین رکعت پڑھے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

درست یہ ہے کہ وہ اس کا شمار نہ کرے کیونکہ یہ رکعت شرعی اعتبار سے غیر معتبر ہے اور جسے معلوم ہو جائے کہ یہ رکعت زائد ہے وہ اس میں امام کی متابعت نہ کرے اور مسبوق بھی اس رکعت کا شمار نہ کرے۔

بنا بریں ایسے شخص پر تین رکعت کی قضا کرنا واجب ہے کیونکہ درحقیقت اسے امام کے ساتھ ایک ہی رکعت ملی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

صفحہ: 131

محدث فتویٰ